احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 17 ستمبر 2014ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

بدھ 17 ستمبر 2014ء 21 ذیقعد 1435 ہجری 17 تبوک 1393 ہش جلد 64-99 نمبر 212

## تیرے لئے بہتر ہوتا

حضرت جعدہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک بڑے پیٹ والے آدمی کو دیکھا تو اس کے پیٹ کی طرف اپنی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

اگر یہ ایسا نہ ہوتا تو تیرے لئے بہت بہتر ہوتا۔

(المعجم الکبیر طبرانی جلد 2صفحہ284حدیث نمبر:2185)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

’’مرتے وقت کافور کا استعمال کرنا سنت ہے یہ اس لئے کہ کافور ایک ایسی چیز ہے جو وبائی کیڑوں کو مارتی اور سمّیت کو دور کرتی ہے اور انسان کو ٹھنڈک پہنچاتی ہے اور بہت سی عفونتی بیماریوں کو روکتی ہے۔ اسی لئے قرآن شریف میں فرمایا ہے کہ مومنوں کو کافوری شربت پلایا جائے گا۔ آج کل کی تحقیقات سے بھی یہ ثابت ہوا ہے کہ کافور جیسا کہ ہیضہ کیلئے مفید ہے ویسا ہی طاعون میں بہت فائدہ بخش ہے۔ میں اپنی جماعت کو بتلاتا ہوں کہ یہ بہت مفید چیز ہے اور میرا اعتقاد ہے کیونکہ قرآن کریم نے بتلایا ہے کہ یہ جلن کو روکتا ہے اور دل کو سکینت اور تفریح دیتا ہے اور ہمیں رغبت دلائی کہ ہم کافور کا استعمال کیا کریں۔ آج کل ایک بات اور ثابت ہوئی ہے کہ کافور کے ساتھ جدوار استعمال کیا جائے تو از حد مفید ہے۔ جدوار کو سرکہ میں ملا کر گولیاں بنا لینی چاہئیں اور دو دورتی کی گولیاں بنا کر تازہ لسی کے ساتھ استعمال کی جائیں۔ اگر عورتوں اور بچوں کو یہ گولیاں روزمرہ استعمال کرائی جائیں تو بہت مفید ہیں۔ ہم بھی ایک دوائی طاعون کے لئے تیار کر رہے ہیں جو خدا تعالیٰ نے چاہا تو بہت مفید ہوگی۔ دراصل یہ کمبخت مرض ایسا ہے کہ کسی علاج پر بھروسہ کرنا غلطی ہے۔ جب تک اللہ تعالیٰ کا ہی فضل نہ ہو۔ مگر عام اسبابِ تندرستی اور قانون صحت میں سے حفظِ ماتقدم بھی ایک عمدہ چیز ہے اور فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ پس مناسب ہے کہ سمّیت اور عفونت والی چیزوں سے پرہیز کیا جائے اور بعض تیز غذاؤں سے جو دوران خون کو تیز کرتی ہیں جیسا کہ بہت گوشت اور بہت میٹھا یا حد سے زیادہ دھوپ میں پھرنا یا سخت اور شدید محنت کرنا ان سے پرہیز کرنا مناسب ہے۔‘‘ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ 165)

شہد کے تذکرے پر آپ نے فرمایا کہ:

’’دوسری تمام شیرینیوں کو تو اطباء نے عفونت پیدا کرنے والی لکھا ہے مگر یہ اُن میں سے نہیں ہے۔ آم وغیرہ اور دیگر پھل اس میں رکھ کر تجربے کئے گئے ہیں کہ وہ بالکل خراب نہیں ہوتے۔ سالہا سال ویسے ہی پڑے رہتے ہیں۔‘‘

فرمایا کہ:

’’ایک دفعہ میں نے انڈے پر تجربہ کیا تو تعجب ہوا کہ اس کی زردی تو ویسی ہی رہی مگر سفیدی انجماد پا کر مثل پتھر کے سخت ہوگئی جیسے پتھر نہیں ٹوٹتا ویسے ہی وہ بھی نہیں ٹوٹتی تھی۔

خدا تعالیٰ نے اسے شِفَـاءٌ لِّلنَّـاسِ کہا ہے۔ واقعہ میں عجیب اور مفید شئے ہے تو کہا گیا ہے یہی تعریف قرآن شریف کی فرمائی ہے۔ ریاضت کش اور مجاہدہ کرنے والے اکثر اسے استعمال کرتے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ ہڈیوں وغیرہ کو محفوظ رکھتا ہے۔

اس میں اَل جو ناس کے اوپر لگایا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو اس کے اپنے (یعنی خدا تعالیٰ) کے ناس (بندے) ہیں اور اس کے قرب کے لئے مجاہدے اور ریاضتیں کرتے ہیں ان کے لئے شفا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ تو ہمیشہ خواص کو پسند کرتا ہے عوام سے اسے کیا کام؟‘‘ (ملفوظات جلد 3 صفحہ 553)

## داخلہ ایم اے ایم ایس سی

**نصرت جہاں کالج بوائز وگرلز کیمپس ربوہ**

نصرت جہاں کالج بوائز اور گرلز کیمپس میں طلباء وطالبات کیلئے ماسٹرز کی کلاسز میں مندرجہ ذیل مضامین کے داخلہ جات کا آغاز ہو رہا ہے۔ جس میں داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کر دی گئی ہے۔

1۔ ایم اے۔ انگلش 2۔ ایم ایس سی۔ میتھ

**نوٹ: 1:**۔ داخلہ فارم نصرت جہاں کالج بوائز کیمپس دارالنصر، نصرت جہاں کالج گرلز کیمپس دارالرحمت اور نظارت تعلیم کے دفتر یا ویب سائٹ سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

2۔ داخلہ گورنمنٹ پالیسی/ پنجاب یونیورسٹی کے قواعد وضوابط کے مطابق دیا جائے گا۔

3۔ داخلہ کے لئے بیچلرز میں کم از کم 45% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔

4۔ ایم ایس سی میتھ کے لئے بیچلرز میں Math A & B Course کا ہونا ضروری ہے۔

5۔ طلباء وطالبات کا بیچلرز ہائیر ایجوکیشن سے Recognized ادارہ/ یونیورسٹی سے پاس کیا ہونا ضروری ہے۔

6۔ داخلہ فارم مورخہ 21 ستمبر تک دستیاب ہوں گے۔ فارم کی فیس -/100 روپے ہے۔

7۔ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 21 ستمبر 2014ء تک ہے۔

8۔ فارم نصرت جہاں کالج بوائز کیمپس اور گرلز کیمپس دونوں میں جمع کروائے جاسکیں گے۔

9۔ تحریری امتحان اور انٹرویو نصرت جہاں کالج گرلز کیمپس دارالرحمت میں مورخہ 22 ستمبر 2014ء کو 2:30 بجے سہ پہر کو ہوگا۔

10۔ کامیاب امیدواران کی میرٹ لسٹ 23 ستمبر 2014ء کو دونوں کالجز کے نوٹس بورڈز اور ویب سائٹ پر آویزاں کر دی جائے گی۔

11۔ پہلی میرٹ لسٹ کے طلباء وطالبات فیس مورخہ 23 تا 25 ستمبر 2014ء تک جمع کروا سکتے ہیں۔

باقی صفحہ 8 پر

اداریہ

# جہاں آنسو گرے تھے

حضرت مسیح موعود کے ساتھ خدا کا وعدہ ہے کہ میں تیرے پیغام کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا اور پھر یہ وعدہ بھی دیا کہ تیری مدد وہ لوگ کریں گے جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ خود الہام کرے گا۔

آج احمدیت کے چہرے پر جو نور اور تازگی ہے وہ انہی وعدوں کا ثمرہ ہے۔ خدا نے سعادت مند روحوں کو الہام کیا انہیں عظیم الشان پُر درد قربانیوں کی توفیق دی۔ وہ بے تابانہ خدا کی راہ میں دکھ اٹھاتے رہے اور سربسجود ہوتے رہے۔ ان کے دکھ رنگ لائے اور جہاں جہاں ان کے آنسو گرے خدا نے اس زمین کو مبارک کر دیا۔ اور وہاں خوش رنگ پھول جنم لینے لگے ایک ایسی ہی واقعاتی شہادت ملاحظہ ہو۔

مکرم خالد سیف اللہ خان صاحب آف آسٹریلیا محترم چوہدری ظہور احمد باجوہ صاحب (سابق صدر، صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ) کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں:

ایک بار حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی زندگی میں مجھ سے ذکر فرمایا کہ جب حضور افریقہ میں دورہ پر تشریف لے گئے تو مجھے بھی آپ کی معیت کا شرف حاصل ہوا۔ سیرالیون میں ایک بزرگ احمدی جن کا نام علی روجرز تھا وہاں کی جماعت کے پریذیڈنٹ تھے۔ میں نے اسے پوچھا کہ آپ احمدی کیسے ہوئے۔ کہنے لگے کہ میں تو خدا کا نشان دیکھ کر احمدی ہوا ہوں۔ میرے پوچھنے پر بتایا کہ جب حضرت مولانا نذیر احمد صاحب علی ہمارے گاؤں میں پہلی بار آئے تو ان کی ایک غیر از جماعت مولوی سے لوگوں کے سامنے احمدیہ عقائد پر گفتگو ہوئی جس کو سن کر مولوی نے فتویٰ دیا کہ آپ کافر ہیں۔ جب وہ اجلاس منتشر ہوا تو شام پڑ چکی تھی۔ میں نے دیکھا کہ حضرت مولوی صاحب نے ایک دروازہ کھٹکھٹایا اور پوچھا کہ کیا میں آج رات آپ کے ہاں بسر کر سکتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں آپ کافر ہیں۔ پھر دوسرے گھر گئے تو وہاں سے بھی ایسا ہی جواب ملا۔ پھر انہوں نے تیسرا دروازہ کھٹکھٹایا تو انہوں نے بھی رات ٹھہرانے سے انکار کر دیا۔ میں یہ سارا نظارہ دیکھ رہا تھا۔ مجھے ان پر ترس آیا کہ چلو یہ شخص کافر ہی سہی پر انسان تو ہے میں ان کو اپنے گھر ٹھہرا لیتا ہوں۔ چنانچہ اپنے گھر لے جانے کی نیت سے جب ان سے پوچھا تو وہ جنگل کی طرف جا رہے تھے میں نے انہیں اپنے گھر ٹھہرنے کے لئے کہا تو انہوں نے کہا کہ نہیں اب میں نے رات جنگل ہی میں بسر کرنی ہے اور دعا میں گزارنی ہے۔ چنانچہ میں بھی ان کے ساتھ ہو لیا۔ جنگل میں پہنچ کر انہوں نے ایک جگہ سے پتے وغیرہ صاف کر کے اپنی چادر بچھا دی اور اس پر نماز پڑھنی شروع کر دی نماز میں ان کی رقت اور انہماک دیکھ کر میں حیران ہوتا رہا کہ اس شخص کو اتنی سخت کیا تکلیف ہے۔

پھر انہیں سخت درد گردہ شروع ہو گئی۔ میں نے کہا کہ گھر چلتے ہیں شاید کوئی اسپرو (Aspro) وغیرہ مل جائے۔ لیکن انہوں نے کہا میں اسی تکلیف کی حالت میں دعا کروں گا۔ پھر حضرت مولوی صاحب نے مجھے بتایا کہ ابھی خدا نے مجھے کشفاً بتایا ہے کہ جس جگہ تم بیٹھے ہوئے ہو وہاں ایک جماعت کا سکول ہے اس سکول کا انتظام چلانے والی ایک کمیٹی ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ تم اس کمیٹی کے سربراہ ہو۔

یہ بیان کرتے ہوئے علی روجرز صاحب پر رقت طاری ہو گئی اور فرمایا کہ بعد میں ہمارے علاقہ میں احمدیت پھیلی اور عین اسی جگہ پر جہاں **حضرت مولوی صاحب نے درد اور شکستہ دلی کے ساتھ رات گزاری تھی آج ہمارا سکول ہے اور اس کی انتظامیہ کمیٹی کا میں صدر ہوں** پھر فرمایا کہ ہم تو زندہ خدا کا نشان دیکھ کر احمدی ہوئے ہیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 10 نومبر 2006ء ص 13)

**ہم کو حاصل ہوئی اک صبر و رضا کی دولت**
**اس کے فضلوں نے کیا خوب ثمر بار ہمیں**
**اس کی نظروں میں ہمیں پیار کے قابل ٹھہرے**
**یوں تو دنیا نے کہا مفلس و نادار ہمیں**

# جاتا نہیں ہے رائیگاں راہِ خدا میں خون

عشاق دیتے آئے ہیں ہنس کر وفا میں خون
کابل میں ہو کہ ربوہ میں یا کربلا میں خون
ہو انڈونیشیا میں، یا گھر کی فضا میں خون
جاتا نہیں ہے رائیگاں راہِ خدا میں خون
ہم تو دعا کے زور سے ہلکا یہ غم کریں
اور پھر بیاں عنایت و لطف و کرم کریں

یہ قیل و قال کی نہیں عملوں کی بات ہے
دل کو جو دیکھتی ہے وہ مولا کی ذات ہے
نہ اپنی کچھ بساط، نہ لفظوں میں بات ہے
روحِ شہید پا گئی جس سے ثبات ہے
اُس راہِ زندگی کا سفر آؤ ہم کریں
اور پھر بیاں عنایت و لطف و کرم کریں

یہ وقتی جوش بدلہء قاتل نہیں ہے دوست
یہ ذکر وجہِ گرمیء محفل نہیں ہے دوست
لفظوں کی جوڑ توڑ ہی منزل نہیں ہے دوست
اور نگہِ مشفقانہ کے قابل نہیں ہے دوست
فاروق آپ قول و عمل کو بہم کریں
اور پھر بیاں عنایت و لطف و کرم کریں

جو صبر کا پہاڑ ہے کوہِ وقار ہے
جس کو بلا کا آنسوؤں پہ اختیار ہے
اُس کا بشر کے آگے نہ رونا شعار ہے
اشکوں کے بند توڑتی سجدوں کی زار ہے
نقشِ قدم پہ ہم چلیں، شب زندہ ہم کریں
اور پھر بیاں عنایت و لطف و کرم کریں

تُو ان کے خوں کا آپ ہی اب انتقام لے
میرے خدا شہیدوں کے بچوں کو تھام لے
ہم سے بھی زندگی میں کوئی ایسا کام لے
مرقد پہ آئے جو بھی محبت سے نام لے
سچی وفا شہیدوں کی مٹی سے ہم کریں
اور پھر بیاں عنایت و لطف و کرم کریں

**فاروق محمود**

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............ مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 5 روپے

## پروگرامنگ اور پروڈکشن وہ دو شعبہ جات ہیں جن سے تمام ممالک کے نیشنل MTA سٹوڈیوز کو مضبوط روابط قائم رکھنے چاہئیں

## آپ جو بھی پروگرام تیار کریں وہ بہترین معیار کے ہونے چاہئیں اور وقت کی ضروریات کے مطابق ہوں

## ہمیں ایک طرف تو ایسے پروگرام بنانے ہیں جو تمام لوگوں مرد و زن، جوانوں اور بوڑھوں کے لئے تربیت کا ذریعہ ہوں جبکہ دوسری طرف ہمیں اس طرح کے پروگرامز بھی بنانے ہیں جو (دین حق) کی سچائی کی (اشاعت) کا بھی ذریعہ ہوں

## عصرِ حاضر میں MTA ہے جو سچائی کو پھیلانے کے لئے بڑا اہم اور نمایاں کردار ادا کر رہا ہے اس طور پر آپ سب، قطع نظر آپ کے عہدہ کے، بہت خوش قسمت ہیں جو MTA میں خدمات کی توفیق پا رہے ہیں

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی تیسری کانفرنس کی اختتامی تقریب میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے انگریزی خطاب کا اردو ترجمہ فرمودہ 13-اپریل 2014ء بمقام بیت الفتوح۔لندن

تشہد اور تعوذ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

خدا تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ تین دن سے MTA انٹرنیشنل کو ایک مرتبہ پھر اپنی سالانہ عالمی کانفرنس کے انعقاد کی توفیق مل رہی ہے۔ جیسا کہ ابھی ہم نے رپورٹ میں بھی دیکھا کہ آپ کو اس کانفرنس کے دوران معلومات کے تبادلے اور MTA کے اندر مختلف شعبہ جات کے بارے میں جاننے کا موقع ملا ہوگا۔ امرِ واقعہ یہ ہے کہ نہ صرف بیرونِ ملک کے نمائندگان کے علم میں (کانفرنس میں شرکت سے) اضافہ ہوا ہوگا بلکہ مرکزی ٹیموں کو بھی ان مسائل کے بارے میں جاننے کا موقع میسر آیا ہوگا جن کا آپ کو اپنے اپنے ممالک میں سامنا رہتا ہے۔ ہر ملک کے اپنے اپنے مخصوص مسائل اور مشکلات ہوتی ہیں اور ان مشکلات سے مرکزی شعبہ جات کو آگاہ کرنا آپ کی ذاتی شمولیت سے آسان ہو جاتا ہے۔

لہٰذا مجھے یقین ہے کہ بیرونی نمائندگان نے مرکزی ٹیموں کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا ہوگا اور مَیں امید رکھتا ہوں کہ انہوں نے ان مسائل کے ممکنہ حل تجویز کئے ہوں گے۔ اگرچہ چند مسائل ایسے بھی ہوتے ہیں جن کا فوری حل تجویز کرنا ممکن نہیں ہوتا لیکن انشاء اللہ مستقبل قریب میں وہ ایسے پیچیدہ امور کا حل بھی پیش کر سکیں گے۔ بہرحال بیرونی نمائندوں کی شرکت اس لحاظ سے نہایت اہم ہے کہ اس سے مرکزی ٹیموں کو بھی سیکھنے اور (پیشہ ورانہ) بہتری لانے کے مواقع ملتے ہیں۔ اسی طرح دوسرے ممالک سے شامل ہونے والے نمائندگان کو بھی یہ اندازہ ہوتا ہے کہ مرکز ان سے کس انداز میں کام کرنے کی توقع رکھتا ہے۔ انشاء اللہ! ان باہمی روابط سے آپ کے کام اور معیار میں بہرحال بہتری آئے گی اور یہی اس کانفرنس کے انعقاد کا بنیادی مقصد بھی تھا۔

بہرحال ان تین دنوں میں باہمی روابط اور تبادلہ خیالات کے نتیجہ میں آپ سب نے تکنیکی اور عملی اعتبار سے بہت کچھ سیکھا ہوگا۔ خاص طور پر پروگرامنگ اور پروڈکشن وہ دو شعبہ جات ہیں جن سے تمام ممالک کے نیشنل MTA سٹوڈیوز کو مضبوط روابط قائم رکھنے چاہئیں اور ایک گہرا تعلق قائم رہنا چاہئے۔

جہاں تک پروگرامنگ کا تعلق ہے میں نے ڈائریکٹر پروگرامنگ کو ہدایات دی ہیں کہ MTA کو کس نہج اور کس انداز میں پروگرام تیار کرنے چاہئیں۔ میں امید رکھتا ہوں کہ انہوں نے تمام متعلقہ معلومات آپ تک پہنچا دی ہوں گی اور پروگراموں کی تیاری سے متعلق آپ کی بھرپور رہنمائی کی ہوگی۔ اسی طرح پروڈکشن کے شعبہ کی بھی مَیں نے تفصیل سے رہنمائی کی ہے، (اور میں امید رکھتا ہوں) دیگر ممالک کے MTA سٹوڈیوز تک متعلقہ معلومات پہنچا دی گئی ہوں گی۔

یاد رکھیں **آپ جو بھی پروگرام تیار کریں وہ بہترین معیار کے ہونے چاہئیں اور وقت کی ضروریات کے مطابق ہوں۔** اگر ہم اب تک کی پروڈکشنز کا جائزہ لیں تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ اردو اور انگریزی زبانوں میں چند بہت اچھا ابلاغ رکھنے والے پروگرامز تیار ہوئے ہیں جو بہت سے لوگوں کے لئے انتہائی فائدہ مند ثابت ہو رہے ہیں۔ اسی طرح MTA العربیہ بھی انہی خطوط پر کام کر رہا ہے۔ مثال کے طور پر سوال و جواب کے بعض لائیو پروگراموں میں، جو نشر ہو چکے ہیں، اٹھائے گئے سوالات اور الزامات کے بہت جامع اور مؤثر رنگ میں جوابات دیئے گئے ہیں۔ انشاء اللہ! جلد ہی ایسے پروگرامز جرمن زبان میں بھی شروع ہو جائیں گے۔ اس کی جرمنی میں اس لحاظ سے بھی بہت اہمیت ہے کہ یہاں پر بعض خاص عناصر ایسے ہیں جو (دین) مخالف ہیں جبکہ ایسے بھی ہیں جو مذہب میں دلچسپی رکھتے ہیں اور بات سننا چاہتے ہیں۔ اس لئے ہمارا فرض ہے کہ ہم ان تک یہ پیغام پہنچائیں اور ہم اس مقصد میں ناکامی کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا جب ایسے پروگرامز تیار ہو جائیں تو MTA اور شعبہ (دعوت الی اللہ) کو مل بیٹھ کر اس طرح ان پروگراموں کو مشتہر کرنا چاہئے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ممکنہ سامعین و ناظرین تک پہنچ سکیں اور اگر اس کی مناسب منصوبہ بندی کر لی جائے تو اس طریقے سے ہی کافی (دعوت الی اللہ) ہو سکتی ہے۔ مَیں یہ بتانا چاہوں گا کہ MTA العربیہ نے اس حوالے سے کافی کام کیا ہے اور اللہ کے فضل سے ہماری جماعت عرب دنیا کے ایک کثیر حصے میں پہنچ چکی ہے اور نتیجتاً عرب دنیا میں ایک اچھی تعداد میں بیعتیں ہو رہی ہیں۔ اسی طرح سے آپ سب کو بھرپور اور مستقل کوشش کرنی چاہئے کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہم اپنی تمام تر صلاحیتوں اور وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے احمدیت کے پیغام کو دور دراز علاقوں تک پہنچا سکیں۔ آپ کو اس سلسلہ میں مستقل مزاجی، اخلاص اور دانشمندی کے ساتھ ایسی کوششیں کرنا ہوں گی جن سے ہم ان دُور رس اثرات کے حامل مقاصد کو حاصل کر سکیں۔

جیسا کہ مَیں نے پہلے بھی کہا ہے کہ ہمارے پروگراموں کا معیار انتہائی اعلیٰ ہونا چاہئے پس پروڈکشن کے لحاظ سے MTA کو ہمیشہ بہتری کی جستجو میں لگے رہنا چاہئے۔ وہ جماعتیں جن کے پاس وسائل ہیں انہیں اچھے ساز و سامان اور کیمروں کی فراہمی پر خرچ کرنا چاہئے تا کہ معیار بہتر ہو۔ یہاں مرکز میں ٹرانسمیشن کا نیا نظام قائم کیا جا رہا ہے۔ پس جیسی عمدہ معیار کی پروڈکشنز ہوں گی نشریات کے آخری نتائج بھی ویسے ہی بہتر حاصل ہوں گے۔ ہمیں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ ہمیں ایک طرف تو ایسے پروگرام بنانے ہیں جو تمام لوگوں مرد و زن، جوانوں اور بوڑھوں کے لئے تربیت کا ذریعہ ہوں جبکہ دوسری طرف ہمیں اس طرح کے پروگرامز بھی بنانے ہیں جو (دین) کی سچائی کی (اشاعت) کا بھی ذریعہ ہوں اور MTA کو ایسے پروگرام مستقل بنیادوں پر تیار کرتے رہنا چاہئے جو آج کے معاشرے میں اور عصر حاضر کے مسائل کے حوالہ سے (دین) سے متعلقہ سوالات کا جواب دینے اور اس بارے میں پیدا ہونے والے شکوک و شبہات کا بطور خاص نوجوان ذہنوں سے ازالہ کرنے والے ہوں۔ ایسے پروگراموں میں دیئے گئے جوابات کو (دین) کی حقیقی تعلیم اور ہماری جماعت کی تعلیمات کا آئینہ دار ہونا چاہئے۔ میری نصیحت ہے کہ ابتدائی طور پر ایسے پروگرام لائیو نشر کرنے کی بجائے پہلے سے ریکارڈ شدہ ہونے چاہئیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بعض مسائل یا اٹھائے گئے سوالات کے بارے میں پروگرام کے شرکاء یقینی طور پر نہیں جانتے ہوں گے کہ ان کا جواب کس طور پر دیا جانا چاہئے۔ اس لئے ان کو اسی طرح ریکارڈ کر لینا چاہئے جس طرح Faith Matters والے کرتے ہیں۔ اس طرح یہ امر یقینی بنایا جا سکے گا کہ دیئے گئے جوابات درست اور ہماری تعلیمات اور روایات کے مطابق ہوں۔

اگر جرمن اور فرنچ میں بھی اس طرح کے کچھ پروگرام ریکارڈ کئے جا سکیں تو وہ فوری اور دور رس حوالے سے یکساں مفید ہوں گے۔ فرنچ کے حوالے سے تو کئی افریقن ممالک فرانسیسی بولنے والے ہیں اور کینیڈا کے ساتھ ساتھ بعض جزائر میں بھی فرانسیسی بولی جاتی ہے۔ جرمن زبان بھی جرمنی کے علاوہ سوئٹزر لینڈ اور آسٹریا جیسے ممالک میں کئی ملین لوگ بولتے ہیں۔ پس میں مقامی MTA سٹوڈیوز کو تحریک کرتا ہوں کہ ان زبانوں میں میری ابھی بتائی گئی نصائح کے مطابق پروگرام تیار کریں۔ عملاً تمام ممالک سے آئے ہوئے نمائندگان MTA کے لئے پروگرام بناتے وقت ان نکات کو مدنظر رکھا کریں۔

یاد رکھیں جس مقصد کے لئے حضرت مسیح موعود کو بھیجا گیا تھا وہ دنیا کے لوگوں کو (دین حق) کا صحیح اور اصل چہرہ دکھانا تھا۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ وَالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا (المرسلات:4) جس کا مطلب یہ ہے کہ اور وہ طاقتیں جو سچائی کو بہترین طور پر پھیلاتی ہیں۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ

نے ان لوگوں کا ذکر کیا ہے جو سچائی کے پیغام کو پیش کرتے اور دنیا کے اطراف و جوار میں پھیلاتے ہیں اور ان کو خداتعالیٰ نے بہت خاص اور معزز مقام سے نوازا ہے اور عصرِ حاضر میں MTA ہے جو سچائی کو پھیلانے کے لئے بڑا اہم اور نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ اس طور پر آپ سب، قطع نظر آپ کے عہدہ کے بہت خوش قسمت ہیں جو MTA میں خدمات کی توفیق پا رہے ہیں۔ اس عہد میں حضرت مسیح موعود کو بھیجا گیا کہ وہ قرآن اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو قائم کریں اور ان کا احیاء کریں۔ پس اس عظیم جدوجہد اور مقصد میں آپ کو موقع ملا ہے کہ آپ حضرت مسیح موعود کی مدد اور تعاون کرسکیں۔

پس آپ سب خوش قسمت ہیں جن کو اس عظیم الٰہی مقصد کی برکات اور انعامات سے حصہ پانے کی توفیق مل رہی ہے۔ اس بات سے قطع نظر کہ MTA میں خدمت آپ کس حیثیت میں کر رہے ہیں، یہ بات ہمیشہ مدّ نظر رکھیں کہ آپ کس قدر خوش نصیب ہیں جو آپ کو اس خدمت کی توفیق مل رہی ہے۔ اگر آپ کیمرے کے پیچھے کھڑے ہونے والے ایک خاموش رضا کار ہیں تو آپ خوش قسمت ہیں، اگر آپ MTA کے کسی بھی شعبہ میں کارکن ہیں تو آپ خوش نصیب ہیں، اگر آپ کسی پروگرام کے میزبان یا شریکِ گفتگو ہیں تو آپ بہت خوش قسمت ہیں، اگر آپ پروڈکشن میں کام کر رہے ہیں اور نئی تکنیک وضع کر رہے ہیں یا کسی فوٹیج کی ایڈیٹنگ کر رہے ہیں تو آپ خوش نصیب ہیں، اگر آپ کو ٹرانسمیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے نشریات کی ذمہ داری دی گئی ہے تو بھی آپ خوش نصیب ہیں۔ امر واقعہ یہ ہے کہ **آپ کسی بھی حیثیت یا صورت میں MTA سے متعلق ہیں تو آپ خوش نصیب ہیں اور برکات سے حصہ پا رہے ہیں** اور آپ کی اس قدر خوش بختی کا باعث یہ ہے کہ آپ سچائی کو پھیلا رہے ہیں اور روحانیت کے نور سے دنیا بھر کے ناظرین کے گھروں کو منور کرنے والے بن رہے ہیں۔

پس یہ بہت عظیم اور باعث شرف خدمت ہے جو آپ بجالا رہے ہیں کہ حضرت مسیح موعود کے مشن میں ممد و معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ اس لئے ہمیشہ یاد رکھیں ایسے بابرکت نظام کے تحت خدمت کی توفیق پانا بہت بڑا اعزاز ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو انتہائی اخلاص کے ساتھ اور بے لوث رنگ میں اِن خدمات کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور آپ کے کام کو ہر پہلو سے بہتر اور ترقی کی راہ پر گامزن رہنے کے قابل بنائے۔ آمین

اب ہم دعا کریں گے۔ دعا میں میرے ساتھ شامل ہو جائیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 11 جولائی 2014ء)

ماخوذ

# قرآن، حدیث سرچ سافٹ ویئر

قرآن مجید کے حوالے سے لاتعداد کتابیں، تحقیقی مقالات اور شرحیں لکھی جاچکی ہیں اور تحقیق و تحریر کا یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ بیسویں صدی میں جدید ٹیکنالوجی کے متعارف ہونے کے بعد دنیا کا تقریباً سارا علم سمٹ کر کمپیوٹر میں منتقل ہو چکا ہے، جس سے عام شخص کی رسائی علم کے ان سوتوں تک ہوگئی ہے جس کا تصور بھی محال تھا۔ اب سات سمندر پار ہونے والی سائنسی تحقیق، ادبی شہ پارے کی تخلیق یا قدیم تہذیبوں کی دریافتوں سے گھر بیٹھے آگاہی حاصل کی جاسکتی ہے۔ انٹرنیٹ پر دستیاب دنیا جہاں کی معلومات میں قرآن سے متعلق مواد بھی شامل ہے۔ تاہم مختلف موضوعات پر مبنی یہ معلومات زیادہ تر عربی، انگریزی اور دیگر زبانوں میں ہیں جس کی وجہ سے ان زبانوں سے نابلد اردو داں طبقہ پوری طرح مستفید نہیں ہو پاتا۔ ان مشکلات کا حل پیش کرتے ہوئے انٹرنیٹ کے بڑے سرچ انجنوں اور ویب سائٹس مثلاً گوگل اور وکی پیڈیا نے دیگر زبانوں کے ساتھ اردو زبان بھی شامل کر لی ہے لیکن یہ معلومات اس قدر کم یا ادھوری ہیں کہ اس سے اردو داں طبقے کی تشنگی دور نہیں ہوتی، خاص طور پر اردو زبان میں قرآن سے متعلق معلومات انٹرنیٹ پر نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس مسئلے کا حل نکالتے ہوئے 2001ء میں برطانیہ کے شہری جمال الناصر نے DivineIslam نامی ایک قرآن سرچ انجن تیار کیا جو جرمن، فرانسیسی، جاپانی، تامل، کورین، ہسپانوی، ترکش اور انڈونیشیائی زبانوں کے علاوہ انگریزی کے آٹھ تراجم پر مشتمل تھا۔ بدقسمتی سے اس میں اردو زبان میں موجود مواد امیج (تصویر) کی صورت میں تھا جس سے مطلوبہ آیت یا سورۃ کو کاپی (نقل) کرکے دوسرے سافٹ ویئر پر منتقل نہیں کیا جاسکتا تھا۔ یعنی اگر کوئی شخص قرآن کے کسی پارے کی کوئی مخصوص آیت نقل کرنا چاہے تو اسے پورا صفحہ نقل کرنا پڑتا تھا۔ اس سرچ انجن میں دوسری بڑی خامی یہ ہے کہ اس میں Find کا انتخاب نہیں دیا گیا۔ یعنی اگر کسی مخصوص عنوان مثلاً نماز، زکوٰۃ، حج یا روزے کے متعلق آیات تلاش کرنی چاہے تو یہ سرچ انجن ان چیزوں کو ڈھونڈنے سے قاصر ہے۔

انٹرنیٹ پر موجود قرآن سے متعلق ان دشواریوں کو بالآخر دور کرلیا گیا اور یہ اعزاز ایک 31 سالہ پاکستانی نوجوان زاہد حسین کے حصے میں آیا ہے جنہوں نے سرچ ایبل فارمیٹ میں سرچ قرآن اور سرچ حدیث کے نام سے ایسے سافٹ ویئر تیار کئے ہیں جن سے اردو لکھنے، پڑھنے اور سمجھنے والے افراد نہ صرف استفادہ کرسکتے ہیں، بلکہ مطلوبہ آیات اور حدیث نقل کرکے دوسری جگہ منتقل بھی کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کسی بھی موضوع سے متعلق پلک جھپکتے ہی یہ جان سکتے ہیں کہ فلاں موضوع سے متعلق قرآنی آیات اور احادیث کون کون سی ہیں اور کن مقامات پر ان کا ذکر موجود ہے۔

زاہد حسین کو سرچ قرآن نامی سافٹ ویئر بنانے کا خیال 2007ء میں جمال الناصر کے سافٹ ویئر DivineIslam کو دیکھ کر آیا۔ انہیں انٹرنیٹ پر اردو میں قرآن کے حوالہ جات ڈھونڈنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ چنانچہ انہوں نے ایک ایسا سافٹ ویئر تیار کرنے کا سوچا جس کے ذریعے قرآن سے متعلق اردو زبان میں مکمل معلومات مل سکیں تاکہ اردو زبان سمجھنے والا یوزر بآسانی اس سے استفادہ کرسکے۔ اس کام کے ابتدائی مراحل میں زاہد حسین کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے قرآن مجید کو رومن اردو میں خود ٹائپ کرنے اور سرچ انجن ڈیزائن کرنے سے اس کام کا آغاز کیا۔ قرآن کے سینکڑوں صفحات کو رومن اردو میں ٹائپ کرنا خاصا طویل اور محنت طلب کام ثابت ہوا۔ بالآخر دس ماہ کی سخت محنت کے بعد زاہد حسین رومن اردو میں پورے قرآن کا ترجمہ کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ دوسرا مرحلہ سافٹ ویئر کی ڈیزائننگ کا تھا جو خالصتاً ٹیکنیکل کام تھا لیکن ان کے دوستوں کی مدد سے بالآخر یہ کام بھی پایہ تکمیل کو پہنچا۔ اگلا مرحلہ قرآن کے عربی، اردو اور انگریزی متن کو سافٹ ویئر میں شامل کرنے کا تھا جس میں دو سال کا عرصہ لگا۔ زاہد حسین نے اپنے سرچ قرآن سافٹ ویئر میں محمد جونا گڑھی (اردو ترجمہ) اور محمد پک تھال (انگریزی) کے قرآنی تراجم شامل کئے ہیں۔

زاہد حسین کے تیارکردہ سرچ قرآن اور سرچ حدیث انجنوں کی ایک خوبی ان کی برق رفتار سرچنگ ہے۔ اس انجن کی مدد سے کسی بھی موضوع پر کوئی بھی آیت یا حدیث پلک جھپکتے تلاش کی جاسکتی ہے۔ ان کا تیارکردہ سرچ قرآن ایک منفرد سافٹ ویئر ہے جو اپنے سرچ ایبل فارمیٹ کی وجہ سے پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی تیزی سے مقبول ہو رہا ہے۔ سرچ قرآن کی یہ خوبی ہے کہ قرآن سے متعلق ڈھیر ساری معلومات کے باوجود اس سافٹ ویئر کا حجم نہایت کم یعنی صرف 113MB ہے۔ سرچ قرآن کے مقابلے میں سرچ حدیث چونکہ صحاح ستہ کا ضخیم ذخیرہ احادیث پر مشتمل ہے اس لئے اس کا حجم بہت زیادہ یعنی 537MB ہے۔

سرچ قرآن کے استعمال کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ کمپیوٹر کی بنیادی معلومات رکھنے والا شخص بھی اسے بآسانی استعمال کرسکتا ہے۔ زاہد حسین کی تیارکردہ سرچ قرآن نامی سافٹ ویئر تک رسائی حاصل کرنے کے لئے ان کے بلاگ http://honestzahid.blog.com پر جاکر اسے اپنے کمپیوٹر پر ڈاؤن لوڈ (منتقل) کیا جاسکتا ہے۔ علاوہ ازیں اس سافٹ ویئر کی ڈی وی ڈیز بھی دستیاب ہیں۔ سرچ قرآن سافٹ ویئر کے ایک حصے میں Search for Parah اور Search for Surah کے بکس بنے ہوئے ہیں۔ مطلوبہ پارے پر کلک کرتے ہی اس کے نیچے اس پارے میں موجود تمام سورتوں کے نام ظاہر ہو جاتے ہیں۔ کسی بھی ایک سورۃ پر کلک کرنے سے اس سورۃ کی تمام آیات بالترتیب عربی انگریزی اور اردو تراجم کے ساتھ سکرین پر نمودار ہو جاتی ہیں۔ اس کے مینو بار میں تین زبانوں (عربی، انگریزی، اردو، بشمول رومن اردو) کا انتخاب دیا گیا ہے۔ رومن اردو کے سامنے R لکھا گیا ہے۔ اگر کوئی شخص سکرین پر صرف اردو ترجمہ دیکھنے کا خواہش مند ہو تو اسے لینگوئج آپشنز (زبان کا انتخاب) میں اردو لکھ کر کلک کرنا ہوگا۔ اس طرح سکرین پر دیگر زبانوں کے تراجم غائب ہو جاتے ہیں اور صرف اردو متن باقی رہ جاتا ہے۔ اس سرچ انجن کی مدد سے قرآنی آیات کو دوسرے طریقوں سے بھی ڈھونڈا جاسکتا ہے۔ مثلاً تمام آیات اور پاروں کے نمبر دیئے گئے ہیں۔ سرچ انجن میں Find کے خانے میں انگریزی، عربی، اردو یا رومن اردو میں کوئی بھی مطلوبہ موضوع مثلاً زکوٰۃ، جہاد، روزہ یا تقویٰ وغیرہ ٹائپ کرکے کسی بھی آیات یا پارے پر کلک کرنے سے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ اس آیت یا پارے میں یہ لفظ کتنی بار اور کہاں کہاں آیا ہے۔ اسی طرح یہ بھی معلوم کیا جاسکتا ہے کہ پورے قرآن میں مطلوبہ لفظ کتنی بار اور کہاں کہاں آیا ہے۔ زاہد حسین نے حروف تہجی کی ترتیب سے تقریباً ایک ہزار الفاظ اردو اور انگریزی میں پہلے سے اپنے سافٹ ویئر پر لکھے رکھے ہیں، مطلوبہ لفظ کے شروع کے پہلے حرف پر کلک کرنے سے اس لفظ کو تلاش کرکے ان موضوعات سے متعلق آیات چند سیکنڈوں میں تلاش کی جاسکتی ہیں۔

اس سرچ انجن میں رومن اردو کے انتخاب سے ان لوگوں کے لئے بھی آسانی پیدا ہوگئی ہے جنہیں اردو لکھنا پڑھنا نہیں آتی۔ ایسے حضرات رومن اردو میں اپنی مطلوبہ معلومات تلاش کرسکتے ہیں۔ مثلاً اگر کسی کو صبر سے متعلق قرآنی آیات تلاش کرنی ہیں اور اسے اردو یا انگریزی میں صبر لکھنا نہیں آتا تو وہ رومن اردو میں Sabar لکھ کر اس سے متعلق آیات تلاش کرکے اسے بآسانی پڑھ سکتا ہے کیونکہ رومن اردو میں تلاش کی گئی آیات کا ترجمہ بھی رومن اردو ہی میں لکھا ہوا ہے۔ سرچ قرآن میں پارے اور آیات تلاش کرنے کی طرح سرچ حدیث میں

باقی صفحہ 6 پر

# ہومیوپیتھی کے فروغ میں ''الفضل'' کا کردار

مکرم ہومیو ڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

﴾قسط دوم آخر﴾

## ہومیوپیتھی نسخہ جات اور الفضل

ہومیوپیتھی میں عموماً ادویات مریض کی علامات دیکھ کر مزاج کو دیکھ کر ہومیو ڈاکٹر تجویز کرتا ہے۔ بعض دفعہ بعض ہومیوپیتھی نسخہ جات جو کہ بعض مخصوص امراض میں مخصوص حالات میں نہایت کامیابی کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ مضمون نگار الفضل میں ان کامیاب نسخہ جات کو لکھتے رہتے ہیں۔

الفضل میں بارہا ہومیوپیتھی نسخہ جات کا تذکرہ کسی نہ کسی حوالہ سے مضمون نگار کرتے رہتے ہیں یوں الفضل کے ذریعہ اس کی تشہیر ہوتی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے نسخہ جات کے استعمال سے ہومیوپیتھی پر اعتماد بڑھتا ہے۔ فروغ میں معاونت ملتی ہے۔

## تابکاری سے بچاؤ کا نسخہ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے تابکاری سے بداثرات سے بچنے کے لئے مندرجہ ذیل ہومیوپیتھی نسخہ تجویز فرمایا:

(1) Radium Bromide CM (ریڈیم برومائیڈ)

(2) Carcinocin CM (کارسینوسن)

ایک ہفتہ نمبر 1 خوراک ایک دفعہ کھائیں اور دوسرے ہفتہ نمبر 2 ایک خوراک ایک دفعہ کھائیں اور چند مہینے تک جاری رکھیں کیونکہ تابکاری کے اثرات آہستہ آہستہ ظاہر ہوتے ہیں۔ اس دوا کا نقصان بھی کوئی نہیں۔

(الفضل 20 جون 2002ء)

## ڈینگی فیور سے بچاؤ کیلئے نسخہ

جن علاقوں میں ڈینگی فیور (Dangue Fever) کی وبا پھیلی ہوئی ہو۔ وہاں احباب درج ذیل ہومیوپیتھک نسخہ حفظ ماتقدم کے طور پر استعمال کریں۔

(1) Arnica 200 ایک دفعہ روزانہ پانچ دن اور اس کے بعد

(2) کروٹیلس ہورائیڈس (Crotalus Horridus 200) ایک دفعہ روزانہ پانچ دن

☆ ڈینگی فیور ہونے کی صورت میں یوپٹیوریم (Eupatorium) استعمال کریں۔

(الفضل 6 نومبر 2006ء)

## رعشہ

اگر تمام اعصابی نظام بگڑنے کے نتیجہ میں جسم کمزور ہو جائے ہاتھ پاؤں کانپنے لگیں نسبتاً بڑی عمر کے مریضوں کو رعشہ ہو جائے تو اس میں کروٹیلس مفید ہے۔ بلکہ لازم دوا بن جاتی ہے۔ (ص335)

(الفضل 12 اپریل 2003ء)

## زخموں کے ناسور کی دوا

آرسینک آئیوڈائیڈ زخموں کے ناسور بننے اور گینگرین میں تبدیل ہونے کی بہترین روک تھام ہے۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 12 اپریل 2003ء)

## موسم بہار میں سانپ کاٹ جائے

اگر موسم بہار میں سانپ نے کاٹا ہو تو موسم بہار میں مریض کو یہی احساس ہوتا ہے کہ اسے دوبارہ سانپ کاٹ گیا۔ ایسے زخموں سے مستقل نجات کے لئے اور پرانے زخموں کے نشان دور کرنے کے لئے لیکسس سے بہتر کوئی دوا نہیں جو اونچی طاقت میں دینی چاہئے۔'' (ص792)

(روزنامہ الفضل ربوہ 12 اپریل 2003ء)

## ہلکائے کتے کا کاٹنا

پانی کا خوف (Hydrophobia) ہلکائے کتے کے کاٹنے سے پیدا ہوتا ہے۔ سٹرامونیم ہلکائے کتے کے کاٹے کا بہترین علاج ہے۔ (صفحہ 459)

## شہد کی مکھیاں یا بھڑ کاٹنا

شہد کی مکھیاں یا بھڑ کاٹنے کی وجہ سے جب جسم میں خطرناک رد عمل اور الرجی ظاہر ہو تو اس میں کاربالک ایسڈ بہترین دوا ثابت ہوتی ہے۔ اس کی ایک دو خوراکیں دینے سے ہی مکمل شفاء ہو سکتی ہے۔ (ص249)

(روزنامہ الفضل 12 اپریل 2003ء)

## اپنڈیکس

آئرس ٹینکس (Iris Tenax) معدے اور اپنڈے سائٹس (Appendicitis) کی بہترین دوا سمجھی جاتی ہے۔ (ص479)

## اپھارہ

انتڑیوں کے تشنج کی وجہ سے پیٹ ہوا سے ایسا تن جاتا ہے کہ کم ہی ایسا تناؤ دوسری دواؤں میں دکھائی دے گا۔ یہ انتڑیوں کا تشنج اور اس کے نتیجہ میں ہوا کا بڑھنا ہوا؟ دباؤ عرف عام میں اپھارہ کہلاتا ہے۔ اس قسم کا اپھارا مویشیوں میں بھی ملتا ہے۔ اس قسم کے اپھارے میں خواہ وہ گائے بھینس بھیڑ بکری گھوڑا کو ہو اس سے ملتا جلتا اپھارا انسانوں میں بھی ملے تو کالچیکم کی چند گولیاں جادو کا اثر دکھاتی ہیں۔ (ص320)

(روزنامہ الفضل 3 اگست 2002ء)

## اسہال کی خطرناک بدبو

اگر انتڑیوں میں بہت زیادہ تعفن پایا جائے خصوصاً ٹائیفائیڈ کی بیماری میں ایسے اسہال آتے ہوں جن میں انتہائی خطرناک بدبو ہو تو بپٹیشیا سے بہتر اور کوئی دوائی نہیں۔ ایسے اسہال کی یہ اولین دوا ہے۔ لیکن اس میں کھلے اسہال نہیں ہوتے معمولی یا درمیانے درجے کے لئے کی طرح کے اسہال ہوتے ہیں جن میں شدید بدبو ہوتی ہے۔ (ص121)

(روزنامہ الفضل 3 اگست 2002ء)

## بونا پن

برائیٹا کارب کی علامت کو بعض ہومیوپیتھ ایک ہی لفظ میں بیان کرتے ہیں۔ یعنی Dwarfishness اسے اردو میں بونا پن کہا جاتا ہے۔........... اس کے ساتھ چھوٹی طاقت میں سلیشیا بھی دی جائے یعنی 6x میں اور ساتھ کلکیر یا فلور 6x ملالی جائے تو یہ قد بڑھانے کے لئے اکثر بہترین نسخہ ثابت ہوتا ہے۔ (ص125)

(الفضل 3 اگست 2002ء)

## بے خوابی

(نکس وامیکا)...... بے خوابی کی بھی مؤثر دوا ہے۔ مثلاً جو لوگ نشہ کے عادی ہوں یا جنہیں نیند کی گولیاں کھانے کی عادت پڑ جائے اُن کے لئے نکس وامیکا بہترین متبادل ہے۔...... اگر بہت سے کاموں کا بوجھ ہو بہت بولنا پڑا ہو یا دماغ میں کسی وجہ سے ہیجان ہوا اور نیند نہ آئے تو اس میں نکس وامیکا بہترین دوائی ہے...... کافی پینے سے جن مریضوں کی نیند اڑ جاتی ہے اللہ کے فضل سے نکس وامیکا کی ایک ہی خوراک سے انہیں بہت جلد نیند آ جاتی ہے اور جب آتی ہے تو اچانک آتی ہے اور نیند سے پہلے آنے والی غنودگی کا احساس نہیں ہوتا۔ (ص640)

(الفضل 3 اگست 2002ء)

## پیچش

اگر اچانک پیچش کے ساتھ خوف کا عنصر نمایاں ہو تو ایکونائٹ اس پیچش میں بھی فوری فائدہ دیتی ہے۔ خشک گرمی کی پیچش میں تو بے لاجواب ہے۔ (ص11)

(روزنامہ الفضل 3 اگست 2002ء)

## بچوں کا پیشاب نکل جانا

کریزوٹ رات کو بچوں کے پیشاب نکل جانے کی بہترین دوا ہے۔ یکایک پیشاب کی حاجت اتنی شدید ہوتی ہے کہ پیشاب کرنے کی جگہ تک بھی پہنچ نہیں پاتے۔

اگر اس دوا کو کچھ عرصہ استعمال کیا جائے تو رفتہ رفتہ پیشاب کی حاجت کی تیزی میں کمی آ جاتی ہے۔ اور پیشاب کو روکنے کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ (صفحہ 522)

(الفضل 3 اگست 2002ء)

## تشنج

(i) اگر رحم میں تیزی سے واقع ہونے والے تشنج کے دورے پڑتے ہوں اور یہ تکلیف گرمی سے بڑھتی ہو تو بیلاڈونا ہے اس کا فوری مؤثر علاج ہو سکتا ہے۔ (صفحہ 141)

(ii) عام طور پر میگنیشیا فاس تشنج کی بہترین دوا سمجھی جاتی ہے اور صرف رحم میں ہی نہیں بلکہ سارے جسم کے تشنج میں کام آ سکتی ہے اگر تشنج کو گرمی پہنچانے سے آرام محسوس ہو تو میگنیشیا فاس دیں۔ (صفحہ 206)

(iii) اگر بوڑھا آدمی جو لمبے عرصے سے تجرد کی زندگی گزار رہا ہو شادی کرے تو اسے بعض دفعہ تشنج شروع ہو جاتے ہیں جو میاں بیوی کے ملاپ کے بعد اکثر پاؤں یا پنڈلیوں سے چل کر اوپر کمر تک پھیل جاتے ہیں۔ کیوپرم اس کی بہترین دوا ہے۔ (صفحہ 342)

(iv) روزمرہ کے تشنج کے اخراج کے لئے نکس وامیکا بہترین عمومی دوا ثابت ہوتی ہے۔ (صفحہ 640)

(روزنامہ الفضل 3 اگست 2002ء)

## ہڈیوں کی بیماریاں

(i) کمزور ہڈیوں کے لئے کلکیر یا کارب بہت مفید دوا ہے بلکہ اصل دوا بھی یہی ہے۔...... (صفحہ 572)

(ii) ہڈیوں کی تکلیفوں میں مرکری سب سے نمایاں ہے وہ بیماریاں جن میں ہڈیاں گلنے لگیں اور ناسور بن جائیں ان میں مرکری سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ (صفحہ 663، 664)

(iii) اگر پھیپھڑوں کا کینسر ہڈیوں میں چلا جائے تو ایسی صورت میں انتقال مرض کی دواؤں کو پیش نظر رکھنا چاہئے اور ابراٹینم استعمال کی جا سکتی ہے لیکن سب سے مؤثر دوا فاسفورس (Phosphorus) ہے اور کینسر ہڈیوں میں سے شروع ہو یا ہڈیوں میں منتقل ہو دونوں صورتوں میں فاسفورس بہترین دوا ثابت ہوگی۔ (صفحہ 694)

## غصہ برداشت کرنے سے بیماریاں

ہر وہ بیماری جو مسلسل غصہ تکلیف اور شرمندگی

برداشت کرنے کے نتیجہ میں ہو اس میں سٹیفی سیگریا (Staphy Sagria) کو اوّل مرتبہ حاصل ہے۔
(صفحہ 773-774)
(روزنامہ الفضل 6/اکتوبر 2003ء)

## لفظوں کی ادائیگی مشکل

لیکسس کی منہ کی علامتوں میں زبان کا سوج کر موٹا ہونا اور ہونٹوں کا بے حس ہونا شامل ہے۔ اس صورت میں لفظوں کی ادائیگی مشکل ہو جاتی ہے۔ اگر اس قسم کی علامات کسی مریض میں ظاہر ہوں۔ سرگرم رہا ہو اور جسم پر جامنی رنگ کے داغ بھی پڑ جاتے ہوں تو لیکس ہی دوا ہے۔ (صفحہ 547)

## ماں کے دودھ میں پھٹکی

اگر (ماں) کے دودھ میں دہی کی طرح پھٹکیاں بننے لگیں تو اس کے لئے فائٹولاکا (Phytolacca) بہترین دوا ہے جو حمل کی متلی میں بھی مفید ہے۔
(ص 492)
(روزنامہ الفضل 6/اکتوبر 2003ء)

## مسّے پھٹ جانا

مسّے پھٹ جائیں اور ان سے خون بہنے لگے تو ہیپر سلف مفید ہے۔ اگر ان میں لائنیں سی پڑ جائیں جو بدشکل اور گوبھی کے پھول کی طرح ہوں تو اس کے لئے نائٹرک ایسڈ بہترین دوا ہے۔ (صفحہ 439)

## سفید موتیا

زنکم سلف سفید موتیا کی بہترین دواؤں میں سے ہے۔ (صفحہ 809)

## موچ کی کیفیت

اگر چوٹ یا حادثے کی وجہ سے پٹھہ اپنی جگہ سے ہل جائے اور موچ کی کیفیت ہو تو عموماً آرنیکا کی اونچی طاقت سے بہتر کوئی اور دوا کام نہیں کرتی۔ چند گھنٹوں میں فرق پڑ جاتا ہے۔ (صفحہ 89)

## عورتوں کی بہترین دوست دوا

کلکیر یا فاس میں یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ یہ عورتوں کی بہترین دوست دوا ہے۔ اس کی بہت سی علامتیں ایسی ہیں جو عورتوں کے روزمرّہ بیماریوں میں ملتی ہیں۔ ان میں کلکیر یا فاس کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے۔ جب بچیوں میں بلوغت کے آثار ظاہر ہونے لگیں تو کئی قسم کی تکلیفیں شروع ہو جاتی ہیں حیض کے ایام بہت تکلیف دہ ہوں۔ خون زیادہ آئے یا ایام میں کمی بیشی ہو تو کلکیر یا فاس کی ضرورت پڑتی ہے۔ اگر ابتدائی دور میں سردی لگنے کی وجہ سے ایام میں بے قاعدگی پیدا ہو جائے تو ساری عمر کا روگ لگ جاتا ہے۔ اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتا جب تک کلکیر یا فاس استعمال نہ کی جائے۔ (صفحہ 205)

## جگر کا کینسر اور گہری بیماریاں

جگر کی گہری بیماریوں میں حسب ذیل نسخہ بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ برائی اونیا 200 دن میں ایک دفعہ اور سلفر 30 دن میں تین دفعہ روزانہ۔ اس کے ساتھ کارڈس میریانس مدرٹنکچر کے چند قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین دفعہ دی جائے۔ Hepatitis B میں بھی یہ نسخہ بہت اچھا ثابت ہوا ہے۔ یہی نسخہ جگر کے کینسر میں بھی مفید ہے۔ (صفحہ 162)

## پھیپھڑوں میں سوراخ

اگر تپ دق کی وجہ سے پھیپھڑوں پر داغ پڑ جائیں اور سوراخ ہو جائیں تو مرکسال (Mercsol) اور کالی کارب (Kali Carb) دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اس ایک خاتون کے پھیپھڑوں میں سل کے نتیجہ میں سوراخ ہو گئے تھے اور ڈاکٹروں کے نزدیک ان کا کوئی علاج نہیں تھا جب ہومیوپیتھک طریق پر ان کا علاج مرکسال 200 اور کالی کارب 30 سے کیا گیا تو چند مہینوں میں وہ بالکل صحت مند ہو گئیں۔ (صفحہ 164)
(روزنامہ الفضل 19/اکتوبر 2002ء)

## ہیپاٹائٹس بی اور سی سے بچاؤ کا نسخہ

محترم سید قمر سلیمان احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ ہمارے ایک مربی صاحب کو Hepatits C تھا انہوں نے درج ذیل نسخہ استعمال کیا تو خدا کے فضل سے بیماری بالکل ختم ہو گئی افادۂ عام کے لئے یہ نسخہ پیش خدمت ہے۔ بیان کی گئی ہدایات کے مطابق تین ماہ تک استعمال کریں۔

(1) Carduce Mariyans Q
5,6 قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ
(2) Sulphar 30
صبح دوپہر شام دو گولیاں یا قطرے
(3) Bryonia 200
روزانہ رات سوتے وقت دو گولیاں یا قطرے
(4)ChiliDonium 200
روزانہ رات کو دو گولیاں یا قطرے برائی اونیا سے ادل بدل کر
(5) Hepatitis 200
ہفتہ میں تین خوراکیں 2 گولیاں یا قطرے فی خوراک

## پرہیز

پانی ابال کر استعمال کریں۔ بڑا گوشت، انڈا، مچھلی گرم مصالحہ جات، چائے، گھی یا آئیل سرخ مرچ اور تیز نمک کا استعمال بند کر دیں۔ ابلی ہوئی سبزیاں کالی مرچ ہلکا نمک ڈال کر استعمال کریں۔
(روزنامہ الفضل 21 جون 2004ء صفحہ اوّل)

## ڈینگی بخار کا نسخہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ڈینگی بخار کے لئے درج ذیل نسخہ تجویز فرمایا:
بخار میں مبتلا ہونے کی صورت میں
(1) Aconite + Arsenic Album 200
(2) Typhodinium + Pyroginum 200
باری باری ہفتہ میں ایک بار تین دن کے وقفہ سے
(3) Bryonia + Rhustax + Ipecac + Eupeturium + China 30
ملا کر دن میں دو بار صبح شام
(4) Echinacea -- Q
10 قطرے گھونٹ پانی میں دن میں دوبار کھانے کے بعد

## ڈینگی کے بخار سے حفظ ماتقدم کے لئے

(1)Dangue Fever 200
ہفتہ میں ایک بار
(2) Bryonia + Ipecac + China + Rhustox+ Eupatorium 30
ملا کر دن میں ایک بار
(روزنامہ الفضل 9 ستمبر 2011ء)

محترم ڈاکٹر وقار منظور بسراء صاحب نے ڈینگی سے بچاؤ کے لئے حفظ ماتقدم کے طور پر تجویز فرمایا۔ نسخہ درج ذیل ہے:
(1) Arnica 200
ایک دفعہ روزانہ پانچ دن تک
(2) Crotalus Horridus 200
ایک دفعہ روزانہ پانچ دن تک
(روزنامہ الفضل 29 نومبر 2006ء صفحہ 5)

## ’’بیماری سے دوائی تک‘‘ کا سفر

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے لیکچرز میں ادویات کی تفصیلات بیان فرمائیں ان کی علامات کا ذکر فرمایا۔ یوں آپ نے دوائی سے بیماری تک کا سفر کیا۔

الفضل نے بعض ہومیوڈاکٹرز کے مضامین شائع کئے جس میں ’’بیماری سے دوائی تک‘‘ کا ذکر ہے جو کہ ایک معالج کے لئے ایک نہایت سہولت کا موجب ہے۔ بیماری کے ذیل میں ادویات کا ذکر ہے۔ ساتھ ساتھ اس دوائی کی مختصر علامات ہیں اس نے معالج کے لئے آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ ایک مریض خود بھی اپنی بیماری کے لئے دوائی تجویز کر سکتا ہے۔

الفضل کے اوراق ’’بیماری سے دوائی تک‘‘ کا سفر اپنے اندر سموئے ہوئے ہیں۔ ان کی قدرے تفصیل ذیل میں دی جاتی ہے۔ نام بیماری الفضل کے کس شمارہ میں شائع ہوا مع تاریخ و ماہ و سال درج ہے تا کہ دکھی انسانیت اس سے استفادہ کر سکے۔

اس کے علاوہ بعض ضروری مضامین کی تاریخ اشاعت بھی درج کی گئی شاید کوئی اس سے فائدہ اٹھا سکے۔

☆......☆......☆......☆

## اک اور چاند

بشوق و ذوق و تمنائے عالم آرائی
ہلالِ عید کی پھر ہو گی جلوہ فرمائی
ہجومِ منتظراں بام پر ہے صف آرا
ہلالِ نو کا یہ شائق کریں گے نظّارہ
وُہ سوئے غرب نگاہوں کی آرزومندی
کہ چاند نکلے تو خوشیوں کی ہو حنا بندی
ہر ایک دل کی یہ اُمید آج بر آئے
ہلالِ عید کا چہرہ ہمیں نظر آئے
دعا کو ہاتھ اُٹھیں گے ہر اک کہ ومہ کے
خُدا کے حکم سے ہم نے رکھے ہیں سب روزے
بفضلِ ربِّ دو عالم نوید پائیں گے
سچی سچائی مُسرّت سے عید پائیں گے
اک اور چاند بھی مغرب میں ہے درخشندہ
کہ جس کی کرنوں سے ہم سب کے دل ہیں تابندہ
جمال اُس کا بہاروں کو تاب دیتا ہے
یہ جسکا جتنا ہو دامن، گلاب دیتا ہے
قسم خُدا کی اگر اس کی دید ہو جائے
ہماری عید سے پہلے ہی عید ہو جائے

بقیہ از صفحہ 4

صحاح ستہ کی احادیث میں سے اپنی مطلوبہ حدیث تلاش کرنے کا طریقہ بھی نہایت آسان ہے۔ مثلاً نماز، وضو، جہاد وغیرہ سے متعلق صحیح بخاری یا جامع ترمذی میں کتنی اور کون کون سی احادیث آئی ہیں؟ اسی طرح سنن ابوداؤد کی فلاں نمبر کی حدیث کون سی ہے؟ یعنی احادیث کو عنوانات اور نمبروں کی مدد سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔

زاہد حسین اپنے سرچ قرآن سافٹ ویئر کو مزید وسعت دے کر اسے کثیر التراجم اور کثیر اللسان بنانے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد لوگ نہ صرف ان کی بنائی ہوئی ویب سائٹ پر مختلف علماء کرام کی تفاسیر قرآن اور تراجم پڑھ سکیں گے بلکہ اردو، انگریزی اور عربی کے علاوہ سندھی، پنجابی، فرانسیسی اور چینی زبانوں میں بھی قرآن و حدیث سے استفادہ کر سکیں گے۔ علاوہ ازیں زاہد حسین مستقبل قریب میں چار جلدوں پر مشتمل تفسیر ابن کثیر کو بھی اپنی ویب سائٹ میں منتقل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ان کے نئے منصوبوں میں سرچ تفسیر انجن، سرچ قرآن وحدیث ویب سائٹ اور قرآن وحدیث موبائل سافٹ ویئر وغیرہ کی تکمیل شامل ہیں۔

(سنڈے ایکسپریس 30/اکتوبر 2011ء)

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

پروگراموں میں 20,15 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے

## 24 ستمبر 2014ء

12:30 am خطبہ جمعہ فرمودہ 19 ستمبر 2014ء (عربی ترجمہ)
1:30 am الف اردو
2:05 am پریس پوائنٹ
3:05 am عصر حاضر
4:05 am سوال وجواب
5:10 am عالمی خبریں
5:30 am تلاوت قرآن کریم
5:40 am یسرنا القرآن
6:15 am گلشن وقف نو لجنہ اماء اللہ
7:20 am نور مصطفویؐ
7:35 am الف اردو
8:05 am پریس پوائنٹ
9:15 am Pakistan in Perspective
9:55 am لقاء مع العرب
11:00 am تلاوت قرآن کریم
11:50 am جلسہ سالانہ قادیان 29 دسمبر 2013ء
12:55 pm ریئل ٹاک
2:00 pm سوال وجواب
3:00 pm انڈونیشین سروس
4:00 pm سواحیلی سروس
5:15 pm تلاوت قرآن کریم
5:25 pm الترتیل
6:00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 12 دسمبر 2008ء
7:00 pm بنگلہ سروس
8:05 pm دینی وفقہی مسائل
8:45 pm میدان عمل کی کہانی
9:30 pm فیتھ میٹرز
10:30 pm الترتیل
11:05 pm عالمی خبریں
11:25 pm حضور انور کا خطاب بر موقع جلسہ سالانہ قادیان

## 25 ستمبر 2014ء

12:35 am فرنچ پروگرام
1:30 am دینی وفقہی مسائل
2:05 am کڈز ٹائم
3:00 am خطبہ جمعہ فرمودہ 12 دسمبر 2008ء
4:00 am انتخاب سخن
5:05 am عالمی خبریں
5:25 am تلاوت قرآن کریم
5:45 am الترتیل
6:20 am خطاب حضور انور بر موقع جلسہ سالانہ قادیان
7:35 am دینی وفقہی مسائل
8:10 am میدان عمل کی کہانی
8:55 am فیتھ میٹرز
9:50 am لقاء مع العرب
11:00 am تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث
11:35 am یسرنا القرآن
12:05 pm حضور انور کا خطاب بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی 25 جون 2011ء
1:05 pm Beacon of Truth سچائی کا نور
2:10 pm ترجمۃ القرآن کلاس
3:15 pm انڈونیشین سروس
4:20 pm پشتو مذاکرہ
5:00 pm تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث
5:25 pm یسرنا القرآن
5:55 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 11 ستمبر 2014ء
7:00 pm Shotter Shondhane Live
9:05 pm پریس پوائنٹ
9:40 pm ترجمۃ القرآن کلاس
10:40 pm یسرنا القرآن
11:10 pm عالمی خبریں
11:30 pm حضور انور کا خطاب بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی

## 26 ستمبر 2014ء

5:15 am عالمی خبریں
5:35 am تلاوت قرآن کریم ودرس حدیث
6:10 am یسرنا القرآن
6:40 am حضور انور کا خطاب بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی 2011ء
7:40 am ترجمۃ القرآن کلاس
8:55 am Shotter Shondhane Repeat
11:00 am تلاوت قرآن کریم ودرس حدیث
11:25 am یسرنا القرآن
11:55 am خطاب حضور انور بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی 2011ء
12:35 pm سرائیکی سروس
1:20 pm راہ ہدیٰ
2:55 pm انڈونیشین سروس
3:55 pm دینی وفقہی مسائل
4:35 pm درس حدیث
5:00 pm خطبہ جمعہ Live
6:15 pm سیرت النبی ﷺ
6:45 pm تلاوت قرآن کریم
7:00 pm یسرنا القرآن
7:30 pm Shotter Shondhane Live
9:35 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
10:45 pm یسرنا القرآن
11:10 pm عالمی خبریں
11:30 pm حضور انور کا خطاب بر موقع جلسہ سالانہ

## 27 ستمبر 2014ء

12:20 am ریئل ٹاک
1:25 am دینی وفقہی مسائل
2:00 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
3:20 am راہ ہدیٰ
5:00 am عالمی خبریں
5:20 am تلاوت قرآن کریم ودرس حدیث
5:45 am یسرنا القرآن
6:15 am حضور انور کا خطاب بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی
7:10 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
8:20 am دینی وفقہی مسائل
8:55 am Shotter Shondhane Repeat
11:00 am تلاوت قرآن کریم ودرس ملفوظات
11:30 am الترتیل
12:00 pm خطاب حضور انور بر موقع جامعہ احمدیہ یوکے کنونشن 2013ء
1:00 pm بین الاقوامی جماعتی خبریں
1:30 pm سٹوری ٹائم
1:45 pm سوال وجواب
3:05 pm انڈونیشین سروس
4:05 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
5:15 pm تلاوت قرآن کریم
5:30 pm الترتیل
6:00 pm انتخاب سخن Live
7:00 pm Shotter Shondhane Live
9:15 pm راہ ہدیٰ LIve
10:30 pm الترتیل
11:00 pm عالمی خبریں
11:25 pm کنونشن جامعہ احمدیہ یوکے

## 28 ستمبر 2014ء

12:30 am فیتھ میٹرز
1:30 am بین الاقوامی جماعتی خبریں
2:00 am راہ ہدیٰ
3:30 am سٹوری ٹائم
3:50 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
5:05 am عالمی خبریں
5:20 am تلاوت قرآن کریم ودرس ملفوظات
5:55 am الترتیل
6:25 am کنونشن جامعہ احمدیہ یوکے
7:30 am سٹوری ٹائم
7:50 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
9:55 am Shotter Shondhane Repeat
11:05 am تلاوت قرآن کریم ودرس حدیث
11:30 am یسرنا القرآن
12:00 pm گلشن وقف نو
1:05 pm فیتھ میٹرز
2:00 pm سوال وجواب
3:00 pm عصر حاضر Live
4:00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 18 جولائی 2014ء (سپینش ترجمہ)
5:10 pm تلاوت قرآن کریم ودرس حدیث
5:30 pm یسرنا القرآن
6:00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
7:00 pm Shotter Shondhane Live
9:05 pm حج بیت اللہ
9:55 pm کڈز ٹائم
10:30 pm یسرنا القرآن
11:00 pm عالمی خبریں
11:20 pm گلشن وقف نو

## 29 ستمبر 2014ء

12:35 am Beacon of Truth Live (سچائی کا نور)
1:35 am Roots To Branches (احمدیت: آغاز سے ترقیات تک)
2:05 am In Search of Peace (امن کی تلاش میں)
2:45 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
4:00 am سوال وجواب
5:00 am عالمی خبریں
5:20 am تلاوت قرآن کریم
5:35 am یسرنا القرآن
6:05 am گلشن وقف نو
7:10 am Roots To Branches (احمدیت: آغاز سے ترقیات تک)
7:40 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
8:55 am Shotter Shondhane Repeat
11:00 am تلاوت قرآن کریم ودرس حدیث
11:25 am الترتیل
11:55 am حضور انور کے اعزاز میں افریقن ممالک کا ڈنر
1:05 pm بین الاقوامی جماعتی خبریں
1:40 pm سیرت حضرت مسیح موعود
2:00 pm فرنچ ملاقات 21 فروری 1999ء
3:05 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 6 جون 2014ء (انڈونیشین ترجمہ)
4:10 pm ملیالم سروس
4:35 pm کوئیز۔ روحانی خزائن
5:00 pm تلاوت قرآن کریم ودرس حدیث
5:30 pm الترتیل
6:00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 19 دسمبر 2008ء
7:00 pm بنگلہ سروس
8:05 pm ملیالم سروس
8:35 pm سیرت حضرت مسیح موعود
9:00 pm راہ ہدیٰ
10:30 pm الترتیل
11:00 pm عالمی خبریں
11:20 pm افریقن ڈنر 2011ء

## 30 ستمبر 2014ء

12:35 am ریئل ٹاک
1:35 am راہ ہدیٰ
3:05 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
4:05 am ملیالم سروس
4:40 am کوئیز۔ روحانی خزائن
5:00 am عالمی خبریں
5:20 am تلاوت قرآن کریم و درس حدیث
6:00 am الترتیل
6:35 am افریقن ڈنر
7:50 am کڈز ٹائم
8:25 am خطبہ جمعہ فرمودہ 19 دسمبر 2008ء
9:25 am سفر حج
9:55 am لقاء مع العرب
11:00 am تلاوت قرآن کریم و درس حدیث
11:30 am یسرنا القرآن
12:00 pm گلشن وقف نو خدام الاحمدیہ 3 مارچ 2013ء
1:00 pm الف اردو
1:35 pm آسٹریلین سروس
2:00 pm سوال و جواب
3:00 pm انڈونیشین سروس
4:00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء
5:05 pm تلاوت قرآن کریم و درس حدیث
5:30 pm یسرنا القرآن
6:00 pm ریئل ٹاک
7:00 pm بنگلہ پروگرام
8:00 pm سپینش سروس
8:35 pm عصر حاضر
9:35 pm The Finality of Prophethood
10:30 pm یسرنا القرآن
11:00 pm عالمی خبریں
11:30 pm گلشن وقف نو

## یکم اکتوبر 2014ء

12:35 am خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء (عربی ترجمہ)
1:30 am الف اردو
2:10 am Pakistan In Perspective
2:40 am Wonders of Hajj
3:00 am عصر حاضر
4:00 am سوال و جواب
5:00 am عالمی خبریں
5:15 am تلاوت قرآن کریم و درس حدیث
5:45 am یسرنا القرآن
6:10 am Wonders of Hajj
6:30 am گلشن وقف نو
7:30 am Pakistan In Perspective
8:00 am الف اردو
8:45 am آسٹریلین سروس
9:15 am The Finality of Prophethood
9:55 am لقاء مع العرب
11:00 am تلاوت قرآن کریم
11:15 am الترتیل
11:45 am جلسہ سالانہ کینیڈا 28 جون 2008ء
12:35 pm ریئل ٹاک
1:35 pm سوال و جواب
3:00 pm انڈونیشین سروس
4:00 pm سواحیلی سروس
5:15 pm تلاوت قرآن کریم
6:05 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 19 دسمبر 2008ء
7:05 pm بنگلہ پروگرام
8:10 pm دینی و فقہی مسائل
8:45 pm کڈز ٹائم
9:20 pm فیتھ میٹرز
10:25 pm الترتیل
11:00 pm عالمی خبریں
11:20 pm حضور انور کا خطاب برموقع جلسہ سالانہ کینیڈا

## 2۔ اکتوبر 2014ء

12:25 am فرنچ سروس
1:25 am دینی و فقہی مسائل
2:00 am کڈز ٹائم
2:35 am مناسک حج
3:10 am خطبہ جمعہ فرمودہ 19 دسمبر 2008ء
4:10 am انتخاب سخن
5:15 am عالمی خبریں
5:35 am تلاوت قرآن کریم
5:50 am الترتیل
6:25 am حضور انور کا خطاب برموقع جلسہ سالانہ کینیڈا
7:15 am دینی و فقہی مسائل
7:45 am مناسک حج
8:30 am فیتھ میٹرز
9:55 am لقاء مع العرب
11:00 am تلاوت قرآن کریم و درس حدیث
11:30 am یسرنا القرآن
12:00 pm بیت طاہر کا افتتاح 11 فروری 2012ء
1:00 pm Beacon of Truth (سچائی کا نور)
2:00 pm ترجمۃ القرآن کلاس
3:15 pm انڈونیشین سروس
4:25 pm پشتو مذاکرہ
5:00 pm تلاوت قرآن کریم و درس حدیث
5:25 pm یسرنا القرآن
5:55 pm Beacon of Truth (سچائی کا نور)
7:00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 26 ستمبر 2014ء (بنگلہ ترجمہ)
8:05 pm مناسک حج
8:40 pm فارسی سروس
9:15 pm ترجمۃ القرآن کلاس
10:30 pm یسرنا القرآن
11:00 pm عالمی خبریں
11:30 pm الحوار المباشر Live

بقیہ از صفحہ 1

12۔ دوسری میرٹ لسٹ 25 ستمبر 2014ء کی شام تک آویزاں کردی جائے گی اور اس میں کامیاب ہونے والے طلباء و طالبات اپنی فیس مورخہ 29 ستمبر 2014ء تک جمع کرواسکتے ہیں۔

13۔ بوائز کے لئے فیس نصرت جہاں کالج بوائز کیمپس دارالنصر اور گرلز کے لئے نصرت جہاں کالج گرلز کیمپس دارالرحمت میں جمع ہوگی۔

14۔ مزید معلومات، تحریری امتحان کی تفصیل اور میرٹ لسٹ www.njc.edu.pk پر دستیاب ہوگی۔

طلباء و طالبات مندرجہ ذیل کاغذات کی دو عدد تصدیق شدہ فوٹو کاپی داخلہ فارم کے ساتھ لف کریں۔

i۔ میٹرک، انٹرمیڈیٹ اور بیچلرز کے رزلٹ کارڈ/اسناد
ii۔ طالب علم کے کیریکٹر سرٹیفیکیٹ
iii۔ شناختی کارڈ کی نقل
iv۔ چار عدد تصاویر (شناختی کارڈ سائز) بلیو بیک گراؤنڈ
v۔ رجسٹریشن کارڈ کی نقل (Gratuation)
vi۔ N.O.C اور Migration Certificate کی ایک کاپی (پنجاب یونیورسٹی کے علاوہ کسی اور یونیورسٹی سے بیچلرز پاس کرنے کی صورت میں)

(نظارت تعلیم)


اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
FRS RABWAH
فیوچر لیس سکول ربوہ
یورپین طرز تعلیم، بیگ اٹھانے کی زحمت ختم
کوئی ہوم ورک نہیں، نرسری تا ششم بوائز کے لئے
اور نرسری تا ہشتم گرلز داخلے جاری ہیں۔
انگلش کیلئے لیڈی ٹیچر کی بھی ضرورت ہے۔
دارالصدر شرقی عقب فضل عمر ہسپتال ربوہ
فون: 047-6211346 موبائل 0332-7057097



خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
قائم شدہ 1952ء
خالص سونے کے اعلیٰ زیورات کا مرکز
شریف جیولرز
میاں حنیف احمد کامران
ربوہ 0092 47 6212515
15 لندن روڈ، مورڈن SM4 5HT
0044 203 609 4712
0044 740 592 9636


**ربوہ میں طلوع و غروب 17 ستمبر**

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:31 |
| طلوع آفتاب | 5:51 |
| زوال آفتاب | 12:03 |
| غروب آفتاب | 6:15 |

## ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

## 17 ستمبر 2014ء

6:15 am گلشن وقف نو خدام الاحمدیہ
11:55 am حضور انور کا خطاب برموقع جلسہ سالانہ آسٹریلیا
ریئل ٹاک
2:00 pm سوال و جواب
6:00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 12 ستمبر 2014ء
8:05 pm دینی و فقہی مسائل
میدان عمل کی کہانی
11:20 pm حضور انور کا خطاب برموقع جلسہ سالانہ آسٹریلیا


Hoovers World Wide Express
کوریئر اینڈ کارگو سروس کی جانب سے ریٹس میں حیرت انگیز حد تک کمی دنیا بھر میں سامان بھجوانے کیلئے رابطہ کریں
جلسوں اور عیدین کے موقع پر خصوصی رعایتی پیکجز
72 گھنٹے میں ڈیلیوری تیز ترین سروس کم ترین ریٹس، پک کی سہولت موجود ہے
پورے پاکستان میں اتوار کو بھی پک کی سہولت موجود ہے
بلال احمد انصاری، سفیان احمد انصاری
شاپ نمبر 25 ہجویری سنٹر ملتان روڈ چوبرجی لاہور
0345/0321 4866677
0333-6708024, 042-37418584



خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
αδσ
النور ڈیپارٹمنٹل سٹور
ماہانہ سامان پر FREE HOME DELIVERY
مہران مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ
کمپیوٹر آپریٹر کی ضرورت ہے
پروپرائٹر: رانا احسان اللہ خاں
047-6215227, 0332-7057097



فیصل آباد میں آپ کی اپنی دکان
عزیز کلاتھ و شال ہاؤس
لیڈیز و جینٹس سوٹنگ، شادی بیاہ کی فینسی و کامدار ورائٹی
پاکستان و امپورٹڈ شالیں، سکارف جرسی سویٹر، تولیہ
بنیان و جراب کی مکمل ورائٹی کا مرکز
کارنر بھوانہ بازار۔ چوک گھنٹہ گھر۔ فیصل آباد
041-2604424, 0333-6593422
0300-9651583



FR-10